Passed Notice No. 267

Fresh Notice No. 267

قرارداد

یہ ایوان حکومتِ سندھ اور متعلقہ انتظامی اداروں کی توجہ اس اہم معاملے کی جانب مبذول کراتا ہے کہ کراچی شہر میں مقیم پختون کمیونٹی، بالخصوص ٹرانسپورٹرز، کو مختلف انتظامی اقدامات اور پابندیوں کے ذریعے شدید مشکلات کا سامنا ہے۔

ایوان کے علم میں آیا ہے کہ پختون ٹرانسپورٹرز کو شہر میں معاشی سرگرمیوں کے لیے مقررہ اوقات میں غیر منصفانہ حد تک کمی کر کے صرف 24 گھنٹوں میں 7 گھنٹے کام کی اجازت دی جا رہی ہے، جو ان کے معاشی قتل عام کے مترادف ہے۔ یہ پابندیاں نہ صرف آئینی حقوق کے خلاف ہیں بلکہ ہزاروں خاندانوں کے روزگار، معاشی استحکام اور باوقار شہری زندگی پر منفی اثرات ڈال رہی ہیں۔

لہٰذا یہ ایوان مطالبہ کرتا ہے کہ:

1۔ حکومتِ سندھ اور کراچی انتظامیہ پختون ٹرانسپورٹرز پر عائد غیر منصفانہ پابندیوں اور محدود اوقاتِ کار کا فوری نوٹس لے۔

2۔ ٹرانسپورٹرز کو شہری حقوق اور برابری کی بنیاد پر مکمل اور منصفانہ مواقع فراہم کئے جائیں۔

3۔ متعصبانہ کارروائیوں، چیکنگ، غیر ضروری جرمانوں اور ہراسانی کے واقعات کی شفاف تحقیقات کر کے ذمہ داران کے خلاف کارروائی کی جائے۔

4۔ وفاقی حکومت صوبوں کے درمیان ہم آہنگی کے ذریعے ایک ایسے نظام کی تشکیل میں معاونت کرے جس سے کراچی میں آباد پختون کمیونٹی کا معاشی تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔

5۔ پختون ٹرانسپورٹرز اور متعلقہ اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کر کے ایک جامع ٹریفک و ٹرانسپورٹ پالیسی تشکیل دی جائے تاکہ روزگار اور ٹرانسپورٹ سروسز کا تسلسل برقرار رہے۔

یہ ایوان واضح کرتا ہے کہ پاکستان کے کسی بھی حصے میں قومیت، زبان یا علاقے کی بنیاد پر شہریوں کے ساتھ غیر منصفانہ سلوک آئینِ پاکستان کی روح کے خلاف ہے اور قابلِ مذمت ہیں۔

(1) عبیدالرحمان ایم پی اے

(2) Aftab Alam Minister Law 24/11/25

(3) PK 15

(4) Hamidur Rehman MPA-PK-19 Bajaur.

(5) Johar Khan MPA PK105

RESOLUTION

Session No. 9th

Notice No. 267

Received Time: 12:30

Received Date 21-11-2025

From Mr/Ms. ........ MPA

Receiver Sign:

Passed Unanimously

24/11/25 5:40 PM